13

Roll No. ☐☐☐☐☐☐ Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________ Sig. of Invigilator.____________

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

وقت: 20منٹ حصّہ اوّل (کُل نمبر:15)

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:الف: درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (5x1=5)**

(i) ''ریگِ صحرا''

الف۔ مرکب توصیفی ب۔ مرکب اضافی ج۔ مرکب عددی د۔ مرکب جاری

(ii) ''رئیسانہ''

الف۔ اسم مکبّر ب۔ فعل ج۔ اسم ذات د۔ کلمہ صفت

(iii) ''لیبیا''

الف۔ اسم نکرہ ب۔ اسم ظرفِ مکاں ج۔ اسم جامد د۔ اسم ذات

(iv) ''فاطمہ بنتِ عبداللہ''

الف۔ عرف ب۔ خطاب ج۔ لقب د۔ کُنیت

(v) ''پیالہ''

الف۔ اسم آلہ ب۔ اسم صوت ج۔ اسم ظرف د۔ اسم معرفہ

**ب: دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (10x1=10)**

(i) پہلی جنگِ عظیم کب ہوئی؟

الف۔ 1912ء ب۔ 1913ء ج۔ 1914ء د۔ 1915ء

(ii) بہادر یار جنگ کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ حیدرآباد دکن ب۔ حیدرآباد ج۔ دہلی د۔ لکھنؤ

(iii) '' لشکر ''کس زبان میں اُردو کو کہتے ہیں؟

الف۔ عربی ب۔ ترکی ج۔ ہندی د۔ فارسی

(iv) سبق ''آب دوز کشتی'' کس کی تحریر ہے؟

الف۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ب۔ خواجہ حسن نظامی ج۔ مؤلفین د۔ علی ناصر زیدی

(v) حضرت موسیٰؑ کے زمانے کا سب سے ظالم بادشاہ کون تھا؟

الف۔ فرعون ب۔ نمرود ج۔ شداد د۔ خسرو پرویز

(vi) نظم ''آمدِ بہار'' کا شاعر کون تھا؟

الف۔ ساقی جاوید ب۔ شوق قدوائی ج۔ بےنظیر شاہ د۔ علامہ اقبال

(vii) طرابلس کس ملک کا شہر ہے؟

الف۔ مصر ب۔ لیبیا ج۔ شام د۔ لبنان

(viii) مرزا غالب نے اُردو کے علاوہ کس زبان میں شاعری کی؟

الف۔ عربی ب۔ ہندی ج۔ فارسی د۔ سنسکرت

(ix) کسی بات کو زبان سے کہنے اور دل سے اُس پر یقین لانے کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ بھروسہ ب۔ ایمان ج۔ اعتبار د۔ اعتماد

(x) ڈپٹی نذیر احمد کا شامل نصاب سبق کون سا ہے؟

الف۔ وطن کی خاطر ب۔ اُردو کی کہانی ج۔ مرزا غالب د۔ آتش بازی

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ☐

# اُردوسلیس ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

## حصّہ دوم (کُل نمبر 37)

سوال نمبر۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) طالب علم اپنے وطن کی خدمت کس طرح سے کر سکتے ہیں؟

(ii) آتش بازی کے کیا نقصانات ہو سکتے ہیں؟

(iii) شاملِ نصاب خط میں مولوی عبدالحق کی تحریر کی کیا خاص خوبی نظر آتی ہے؟

(iv) نظریۂ پاکستان سے کیا مراد ہے؟

(v) پراکرت زبان کیسے بنی؟

(vi) بقول شاعر ''جاڑے کی بہاریں'' کب دیکھنے کے قابل ہوتی ہیں؟

(vii) شاعر کے مطابق ''کم ظرف'' سے کون مراد ہے؟

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ ومحاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے: (5)

(i) فضول (ii) ہراساں (iii) تقاضا (iv) کندن بننا

(v) ہنر (vi) چمن چمن (vii) حُسن دوبالا ہونا

ج۔ (i) درج شدہ کے جمع بنائیں۔ نور ، خلم ، طرف (3)

(ii) درج شدہ کے متضاد لکھیں۔ فلک ، قریب ، امیر (3)

(iii) درج شدہ کے مترادف لکھیے۔ چمن ، ملال ، ظلمت (3)

(iv) درج شدہ کے ہم قافیہ لکھیے۔ جاری ، ماجرا ، جمال (3)

(v) درج شدہ الفاظ سے صفت بنائیں۔ جاگیر ، خطاب ، بے باک (3)

د ۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: (4)

شاخ ، سلیقہ ، لہجہ ، آبدوز

ہ ۔ نیچے دیے گئے الفاظ کو درست ترتیب دے کر بامعنی جملے بنائیے: (3)

(i) ہر۔ چیز۔ خُدا۔ پیدا۔ ایک۔ ت۔ کی۔ قدرت۔ ہے

(ii) جزو۔ ایمان۔ محبت۔ وطن۔ کا۔ ہے۔ کی

(iii) دیکھ۔ حالت۔ کی۔ میرے۔ رنگ۔ بدل۔ پہ۔ جائے۔ ہے

## حصّہ سوم (کُل نمبر 23)

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جز وکی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ علم میں اس کوترقی نہیں ہوتی، ہنر وفن میں اس کو دستگاہ نہیں ہوتی، دنیا کے حالات سے وہ ناواقف رہتا ہے۔ عجائباتِ قدرت دیکھنے سے محروم رہتا ہے۔ حصولِ معاش اور دنیاوی عزت اور تموّل مثل تجارت وغیرہ کے وسیلے جاتے رہتے ہیں اور رفتہ رفتہ تمام دنیا کے انسانوں میں روز بروز ذلیل وخوار اور حقیر و ناچیز ہوتا جاتا ہے۔

ب۔ اُنہوں نے اُردو شاعری کو نیا انداز دیا۔ اُن کو شاعری میں اعلیٰ درجے کی فکر، نئے اور انوکھے خیالات اور بات کہنے کا نیا ڈھنگ ملتا ہے۔ غالب نے اپنے لہجے کے نئے پن اور انداز کی خوبصورتی سے معمولی خیال کو بھی نیا اور انوکھا بنا دیا ہے۔ شروع شروع میں اُن کے زمانے کے ادیب اور شاعر اُن کی شاعری کو پورے طور پر سمجھ نہ سکے اور اس پر نکتہ چینی کرتے رہے۔

سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جز وکی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔
جس کی رونق تھا میں، بے رونق وہ ڈالی ہوگئی
حیف ہے بچے سے ماں کی گود خالی ہوگئی
تتلیاں بے چین ہوں گی، جب نہ مجھ کو پائیں گی
غم سے بھونرے روئیں گے اور بلبلیں چلائیں گی

ب۔
دنیا کا عجیب کارخانہ دیکھا
کس کس کا نہ یاں ہم نے زمانہ دیکھا
رہتا تھا سروں پہ جن کی چتر زریں
تربت پہ نہ اُن کی شامیانہ دیکھا

سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔
نہ ہو کس طرح فکرِ انجام کار
بھروسا ہے جس پر، وہ مغرور ہے
دل اپنا نہایت ہے نازک مزاج
گرا گر یہ شیشہ تو پھر چُور ہے

ب۔
کانٹوں کو مت نکال چمن سے او باغباں
یہ بھی گُلوں کے ساتھ پلے ہیں بہار میں
بُلبُل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ
قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

سوال نمبر۶: درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں: (5)

الف۔ آمدِ بہار

ب۔ پہاڑ اور گلہری